ریاست نیو یارک کی اٹارنی جنرل لیٹیشیا جیمز کا دفتر

# نیو یارک کا قانون برائے حقِ رائے دہی

"آپ کا ووٹ قیمتی ہے، تقریباً مقدس حیثیت کا مالک ہے۔ یہ ہمارے پاس موجود سب سے طاقتور، تشدد سے پاک وسیلہ ہے جس سے ہم مزید کامل اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔"

امریکی نمائندہ جان آر لوئس (JOHN R. LEWIS)

جان آر لوئس نیو یارک کا حق رائے دہی کا ایکٹ (Voting Rights Act of New York, NYVRA) ایک تاریخی قانون ہے جو حق رائے دہی کو فروغ دیتا ہے اور نیو یارک کے تمام رائے دہندگان کے لیے مفت اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے۔

## NYVRA ووٹ ڈالنے کے حق کو کس طرح محفوظ بناتا ہے؟

NYVRA ان طریقہ ہائے کار پر پابندی لگاتا ہے جو نیو یارک کے باشندوں کے حق رائے دہی کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ ان طریقوں میں شامل ہے:

- رائے دہندہ پر قدغن (رائے دہندگان کے لیے اپنا بیلٹ پیپر جمع کروانے کا عمل بہت مشکل بنا دینا)
- ووٹ میں دھاندلی (کسی گروپ کے ووٹوں کی تعداد میں کمی، بشمول ایک ایسے نظام کے ذریعے جو نمائندگان کو منتخب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہو)
- رائے دہندہ کی راہ میں رکاوٹیں (جیسا کہ ووٹ ڈالنے کے عمل میں یا رائے دہندہ کی پولز تک رسائی میں مداخلت کرنا)
- رائے دہندہ کو دھمکانا اور دھوکہ دہی (جیسا کہ رائے دہندگان کو دھمکی دینا یا ان کو ووٹ یا انتخابات کے بارے میں غلط معلومات دینا)

NYVRA نے نیو یارک کے مقامی انتظامی اداروں جیسا کہ کاؤنٹیز، شہروں، قصبات، گاؤں اور اسکول اضلاع کے لیے بھی نئے تقاضا جات لاگو کیے ہیں۔

- کچھ مقامی انتظامی ادارے پری کلیئرنس لینے کے نئے تقاضوں کے تحت ہیں جنہیں اگلے حصے میں بیان کیا گیا ہے۔
- 20 جون 2025 سے، کچھ مقامی انتظامی اداروں سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ انگریزی کی محدود صلاحیت کے حامل رائے دہندگان کے لیے لسانی امداد فراہم کر کے معاونت میں اضافہ کریں۔اس معاونت میں بیلٹ اور ووٹر رجسٹریشن کے مواد کا ترجمہ شامل ہو سکتا ہے۔

## پری کلیئرنس کیا ہے؟

نیو یارک کی ان کمیونٹیز میں رائے دہندگان کو نقصان سے بچانے کے لیے کہ جن کا ماضی ووٹ اور شہری حقوق کی خلاف ورزی، مخصوص گروپوں کی زیادہ تعداد میں گرفتاری، یا نسلی تفاوت کا انتہائی شکار گردونواح سے وابستہ ہے، NYVRA ایک عمل قائم کرتا ہے جو کہ پری کلیئرنس کے نام سے جانا جاتا ہے۔

پری کلیئرنس کے تقاضے کے تحت مقامی حکام کو بعض انتخابات کروانے اور ووٹ سے متعلقہ تبدیلیاں کرنے سے قبل ریاست نیو یارک کے دفتر برائے اٹارنی جنرل (OAG) یا ریاستی عدالت سے پیشگی منظوری لینا ہو گی۔

پری کلیئرنس اس لحاظ سے اہم ہے کیونکہ یہ رائے دہندگان کے متاثر ہونے سے قبل ہی نقصان دہ پالیسیز پر عمل درآمد ہونے سے روکتی ہے۔

## پری کلیئرنس کس طریقے سے کام کرتا ہے؟

NYVRA کے تحت، کچھ مقامی انتظامی اداروں کو تبدیلیاں کرنے سے پہلے پری کلیئرنس کی لازماً درخواست کرنا ہو گی۔ احاطہ شدہ ادارے ملاحظہ کریں

احاطہ شدہ ادارے ملاحظہ کریں

قبل اس کے کہ کوئی احاطہ شدہ ادارہ تبدیلی لاگو کرے، جیسا کہ پولنگ کے مقام کی منتقلی، یا ووٹ ڈالنے کے گھنٹوں کی تعداد میں کمی لانا وغیرہ، اسے لازماً OAG کے پاس (انتظامی پری کلیئرنس حاصل کرنے کے لیے) یا (عدالتی پری کلیئرنس حاصل کرنے کی خاطر) ریاستی عدالت میں تجویز جمع کروانا ہو گی۔

احاطہ کردہ پالیسیاں ملاحظہ کریں

## انتظامی پری کلیئرنس کا عمل کس طرح کام کرتا ہے:

1. ایک انتظامی ادارہ اپنی تبدیلی کی تجویز OAG میں جمع کرواتا ہے۔ یہ تجویز NYVRA کے پورٹل پر شائع ہوتی ہے۔

2. عوام کے پاس مجوزہ تبدیلی کے بارے میں فیڈبیک دینے کا موقع ہوتا ہے۔ افراد اور گروپس اس بات پر تبصرہ کر سکتے ہیں کہ مجوزہ تبدیلی کس طرح کسی مخصوص کمیونٹی میں ووٹ ڈالنے اور انتخابات کے عمل کو متاثر کرے گی۔

3. OAG عوام کی جانب سے گزارشات اور تبصروں کا جائزہ لیتا ہے۔ یہ طے کرتا ہے کہ آیا مجوزہ تبدیلی کی NYVRA کے تحت اجازت ہے۔

4. OAG اپنے فیصلے کو شائع کرتا ہے۔
اگر OAG پری کلیئرنس دیتا ہے، تو انتظامی ادارہ تبدیلی کر سکتا ہے۔
اگر OAG پری کلیئرنس رد کرتا ہے، تو انتظامی ادارہ تبدیلی لاگو نہیں کر سکتا۔

## میں کس طریقے سے شمولیت اختیار کر سکتا ہوں؟

ہم آپ کی جانب سے رائے سننا چاہتے ہیں! پری کلیئرنس کی گزارشات سے متعلق عوامی تبصروں سے ہمیں اس حوالے سے اہم معلومات ملتی ہیں کہ کوئی تبدیلی کس طریقے سے رائے دہندگان کو مدد دے سکتی یا نقصان پہنچا سکتی ہے۔

NYVRA کے بارے میں مزید جانیں۔

NYVRA کے بارے میں جانیں

گزارشات ملاحظہ کرنے اور تبصرے کرنے کے لیے ہمارا NYVRA پورٹل وزٹ کریں۔

NYVRA پورٹل وزٹ کریں

ووٹ ڈالنے کی اہم تاریخیں اور وسائل ملاحظہ کریں۔

ووٹنگ کے وسائل ملاحظہ کریں

گزارشات کی اپ ڈیٹس موصول کرنے کے لیے سبسکرائب کریں۔

اپ ڈیٹس کے لیے سبسکرائب کریں

اگر پری کلیئرنس سے متعلق آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو رابطہ کریں: votingrights@ag.ny.gov

ووٹ ڈالنے میں مسئلے کا سامنا ہے؟ تو ag.ny.gov/voter-complaint وزٹ کریں یا 1-212-416-9818 پر کال کریں۔